## سوال

(262) نماز میں آنکھیں بند کرلینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں آنکھیں بند کرلینے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں آنکھوں کو بند کرنا مکروہ ہے اس لئے کہ یہ عمل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معمول کے خلاف ہے، البتہ اگر کوئی سبب ہو تو آنکھوں کو بند کیا جا سکتا ہے، مثلاً: اس کے آگے کوئی منقش دیوار ہو یا جائے نماز منقش ہو یا اس کے آگے تیز روشنی ہو جو اس کی آنکھوں کو تکلیف دیتی ہو۔ الغرض! اگر کسی سبب کی وجہ سے آنکھوں کو بند کیا ہو تو کوئی حرج نہیں ورنہ مکروہ ہے۔ مزید تفصیل کے لیے امام ابن قیم رحمہ اللہ کی کتاب ''زاد المعاد'' ملاحظہ فرمائیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ ارکان اسلام

## عقائد کے مسائل: صفحہ290

محدث فتویٰ